ماڈیول نمبر4 — سبق نمبر 27 : خط نویسی

سبق نمبر	سبق کا نام	زبان کی مہارتیں				زندگی کی مہارتیں
		سننا/ بولنا	پڑھنا	لکھنا	اصناف/ قواعد/ صنائع بدائع/ اسلوب	سرگرمیاں/ عملی کام
27	خط نویسی	• مختلف لوگوں کے خطوط لکھنے کی غرض سے ان کی باتیں سننا • ان کے خطوط پڑھ کر خلاصہ بنانا	• رشتہ داروں، دوستوں اور دیگر لوگوں کے خطوط پڑھنا	• ذاتی اور دفتری خطوط لکھنا	• خطوط نویسی • قسمیں • خط کے حصے • لکھنے کا طریقہ	• مختلف اقسام کے مضامین تحریر کرنا • ادیبوں کے خطوط پڑھنا

خط نویسی کا تعارف

خط نویسی پیغام بھیجنے کا ایک اہم ذریعہ ہے۔ اس کی مدد سے ہم اپنے خیالات و جذبات دوسروں تک پہنچاتے ہیں۔ ذاتی زندگی سے لے کر کاروباری دنیا اور سرکاری دفتروں تک اس کا اہم رول ہے۔ ذاتی زندگی میں بھی خط نویسی بہت اہم ہے۔ دور رہنے والے اپنے رشتے داروں تک اپنی بات پہنچانے کے لیے عام طور پر خط کا سہارا لیا جاتا ہے۔ خطوط دو طرح کے ہوتے ہیں: ذاتی خط اور دفتری خط۔

ذاتی خطوط ایسے خطوط ہوتے ہیں جو ہم اپنے دوست احباب، عزیز رشتہ دار اور کسی واقف کار کو لکھتے ہیں، جس میں ہم اپنے جذبات کا اظہار کرتے ہیں۔ خوشی اور غم کی اطلاع دیتے ہیں۔ اپنی خیریت سے آگاہ کرتے ہیں اور ان کی خیریت چاہتے ہیں۔ چونکہ اس نوعیت کا خط ہم ایسے شخص کو لکھتے ہیں جس سے ہمارا قریبی اور بے تکلفانہ تعلق ہوتا ہے، اس لیے ہم تمام رسمی تکلفات کو برطرف کر کے لکھتے ہیں۔

ذاتی خط لکھنے کا طریقہ:

ذاتی خط مندرجہ ذیل حصوں پر مشتمل ہوتا ہے:

1۔ پتا : خط میں دائیں طرف اوپر کونے میں اپنا پتا لکھا جاتا ہے۔

2۔ تاریخ: خط میں دائیں طرف اوپر کونے میں پتے کے نیچے تاریخ لکھی جاتی ہے۔

3۔ القاب و آداب: خط کی ابتدا کرتے وقت مکتوب الیہ (یعنی جس کو خط لکھا جا رہا ہے) کو کسی نہ کسی لقب سے مخاطب کرتے ہیں۔ القاب کا استعمال دوست کے لیے الگ ہوتا ہے اور بزرگوں کے لیے الگ۔

4۔ عرضِ مدعا/ نفسِ مضمون: خط کے ذریعہ ہم جو کچھ کہنا چاہتے ہیں، وہی عرضِ مدعا کہلاتا ہے۔ اسے نفسِ مضمون بھی کہتے ہیں۔ اہم بات سے خط کا آغاز کر کے اگلے پیراگراف میں اس کی تفصیل لکھیں۔ نئی بات، نئے پیراگراف سے شروع کریں۔

5۔ اختتامیہ/ دعائیہ جملہ: دعائیہ اور اختتامیہ کلمات خط کے آخر میں صفحے کے دائیں حصے میں نہ لکھ کر بائیں حصے میں لکھے جاتے ہیں۔ یہ الفاظ نئی سطر میں لکھے جاتے ہیں۔

6۔ اپنا نام یا دستخط: اختتامی کلمات کے نیچے یا تو نام لکھتے ہیں یا دستخط کرتے ہیں۔

ذاتی خط کا ایک نمونہ :

دوست کی سال گرہ پر مبارک باد کا خط

محلّہ رحم خان

دربھنگا

28/نومبر 2002

پیارے عدیل

دعائیں اور نیک خواہشات

کل تمھاری سال گرہ ہے۔ ہمیشہ کی طرح اس سال بھی سال گرہ دھوم دھام سے منائی جائے گی۔ پچھلے تین چار سال تک اس مبارک موقع پر تمھارے ساتھ رہا ہوں۔ لیکن اس سال تم سے اتنا دور اور اتنا مصروف ہوں کہ کسی طرح تم تک نہیں پہنچ سکتا۔ اس لیے دور سے تمھیں دلی مبارک باد پیش کرتا ہوں۔ خدا کرے ایسے سیکڑوں دن آئیں اور اس کا ہر لمحہ تمھارے لیے نیا جوش، نئی امنگ اور نئی امیدیں لیے ہوئے ہو۔

تم سلامت رہو ہزار برس ہر برس کے ہوں دن پچاس ہزار

تمھارا اپنا

تنویز احمد

دفتری خط لکھنے کا طریقہ:

کسی دفتر یا دفتر کے عہدیدار کے نام کوئی شکایت کرنے، کسی قسم کی اجازت طلب کرنے اور کوئی تجویز پیش کرنے کے لیے خط لکھا جاتا ہے تو اسے دفتری خط کہتے ہیں۔ اس طرح کے خط میں صرف کام کی بات لکھی جاتی ہے۔ اِدھر اُدھر کی باتوں سے پرہیز کیا جاتا ہے۔ دفتری خط ان حصوں پر مشتمل ہوتا ہے: ادارے کا نام و پتہ، موضوع، القاب و آداب، خط کا متن، اختتامیہ کلمات، دعائیہ کلمات، بھیجنے والے کا نام و عہدہ، دستخط کے لیے جگہ۔

دفتری خط کا نمونہ:

نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف اوپن اسکولنگ

وزارتِ تعلیم ،حکومتِ ہند

A-24-25، انسٹی ٹیوشنل ایریا، سیکٹر62، نوئیڈا۔201301

حوالہ نمبر22/(9)/2002 — مؤرخہ 28/نومبر 2010

از ڈائرکٹر:

جناب سکریٹری صاحب

اردو اکادمی، دہلی۔

موضوع : اردو کمپیوٹر سینٹر کھولنے کے لیے۔

محترمی تسلیم!

آپ کو یہ جان کر بے حد خوشی ہوگی کہ NIOS نے انگریزی اور ہندی کے ساتھ ساتھ اردو میں بھی عام مضامین اور پیشہ ورانہ کورسیز کی کتابیں تیار کرائی ہیں اور اس کے بہت سے اردو سنٹرس ہندوستان بھر میں چل رہے ہیں۔ ابھی NIOS نے اردو کمپیوٹر، شارٹ ہینڈ اور ٹائپ رائٹنگ کی بھی کتابیں اردو میں تیار کرائی ہیں۔ آپ کی حیثیت اردو کو فروغ دینے والے ادارے کی ہے۔ لہٰذا آپ سے گزارش ہے کہ NIOS کا سنٹر اپنے یہاں کھولیں اور ساتھ ہی ساتھ دوسری جگہ کھلوانے میں بھی دلچسپی لیں تا کہ اردو طبقہ حصولِ علم سے محروم نہ رہ سکے۔ امید ہے آپ توجہ دیں گے۔

نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف اوپن اسکولنگ کورسیز میں داخلے کے ساتھ ساتھ کتابیں بھی مفت دیتا ہے۔ جب آپ سنٹر قائم کرلیں گے تو یہ کتابیں بھی آپ کو فراہم کردی جائیں گی۔

امید ہے مزاج بخیر ہوں گے۔

مخلص

(ڈائریکٹر)

منسلکات:2

اپنی جانچ آپ کیجیے:

1۔ مختصر ترین جوابات والے سوالات:

- ذاتی خط کن لوگوں کو لکھے جاتے ہیں؟
- ذاتی خط کے کتنے حصے ہوتے ہیں؟

2۔ طویل جوابات والے سوالات:

- ذاتی خطوط کے حصوں کی وضاحت کیجیے۔
- اپنے والد صاحب کو ایک خط لکھ کر اسکول کی چھٹیوں میں گھر آنے کی اطلاع دیجیے۔